ادارہ

تعارف و تبصرہ کتب

● انعام ربانی از معارف قربانی .... حافظ مولانا محمد اقبال رنگونی

قربانی کی اہمیت وضرورت اور شریعت مطہرہ میں اس کا مقام ومرتبہ ایک مسلم حقیقت ہے، قرآن کریم وحدیث نبوی ﷺ میں اس کی فضیلت پر کافی ابحاث ملتے ہیں، اور فقہاء مذاہب اربعہ نے اس پر علیحدہ ابواب باندھے ہیں، ہر زمانے میں علماء کرام اور محققین نے اس پر مستقل کتابیں لکھی ہے۔ زیر تبصرہ کتاب حافظ محمد اقبال رنگونی صاحب کے ان بعض بیانات کا خلاصہ ہے جو انہوں نے مختلف مقامات پر ذی القعدہ ور ذی الحجہ کے مہینے میں قربانی کی عظمت وفضیلت کے موضوع پر تفصیل کے ساتھ بیان فرمائی تھی، اس کتاب میں قربانی کی اہمیت، حقیقت، فضیلت کے حوالہ سے کافی تفصیل کے ساتھ بہت ہی اہم اور وقیع معلومات جمع کی گئی ہے، قربانی کے مسائل واحکام پر تفصیل کے ساتھ بحث کی گئی ہے، اپنے موضوع پر ایک اہم اور منفرد کتاب ہے، عام فہم انداز میں قربانی پر ہونے والے اعتراضات کا تسلی بخش جوابات دیئے ہیں، تاہم کتاب کی سیٹنگ، کمپوزنگ بعض ناگفتہ بہ مسائل کا شکار ہے، عنوانات وغیرہ واضح نہیں ہیں، حافظ محمد اقبال رنگونی صاحب ایک جید محقق، مصنف اور مبلغ ہیں، اس سے پہلے بھی ان کے متعدد ضخیم کتابیں مختلف موضوعات پر منصۂ شہود پر آچکی ہے، تاہم حافظ صاحب کی تمام کتابیں کمپوزنگ سیٹنگ کے مسائل سے دوچار ہے، امید ہے آئندہ اس پر غور کر کے اس کے معیار کو اعلیٰ سے اعلیٰ تر کیا جائیگا۔
۱۵۲ صفحات پر مشتمل یہ کتاب القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہ نوشہرہ سے دستیاب ہے۔ (مبصر: محمد اسرار ابن مدنی)

● سہ ماہی نظریات (گوشہ بر تہذیب مغرب) .... حافظ طاہر اسلام عسکری

پورے عالم اسلام میں علمی سطح پر یاسیت کی کیفیت طاری ہیں اہل علم مفقود ہورہے اور جو رہ گئے ہیں ان میں بیشتر یا تو وسائل سے محروم ہیں یا ان کی منزل کچھ اور ہے۔ لکھنے لکھانے، پڑھنے، پڑھانے اور مطالعہ کی روایت تیزی سے دم توڑ رہی ہے۔ لیکن رسائل اتنی سرعت سے منظر عام پر آرہی ہیں کہ مطالعہ کرنے والے حیران وپریشان ہیں یہ ایک حقیقت ہے کہ ان میں بہت کم ہی ایسے رسائل نظر سے گزریں گے جس میں کسی اہم اور